جوابی کاپی کا سیریل نمبر | اُردو لازمی (حصہ معروضی) (نیو سکیم/نیو کورس) گروپ اوّل (تعلیمی سیشن 14-2012) | رول نمبر

013/1 (سیکنڈری) (جماعت 9th) پارٹ - I

وقت : 20 منٹ کل نمبر: 15

دستخط نائب ناظم/ناظمہ مرکز | دستخط امیدوار

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر / مٹا کر یا لیڈ پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1-الف) ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کو کالم (ر) میں لکھئے۔ ٹک (✓) کا نشان ہرگز نہ لگائیں۔ بصورت دیگر نمبر نہیں ملیں گے۔ (15)

نمبر شمار	سوالات	جوابات (ا)	(ب)	(ج)	(د)	درست جواب اس کالم میں لکھیں (ر)
1	قریش نے اشتہار دیا کہ جو شخص محمد ﷺ کو یا ۔۔۔۔ گرفتار کر کے لائے گا اس کو ایک خون بہا کے برابر انعام دیا جائیگا۔	حضرت ابوبکرؓ	حضرت عمرؓ	حضرت عثمانؓ	حضرت علیؓ	
2	مرزا کی طبیعت میں بدرجہء غایت تھا۔	جود وسخا	اخلاص	مروت اور لحاظ	صبر	
3	سرسید احمد خان نے علی گڑھ کالج کی بنیاد رکھی۔	1872ء	1873ء	1874ء	1875ء	
4	یہ مصرع ''اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سُوجھی'' کس شاعر کا ہے۔	انشاؔ کا	جرأتؔ کا	دردؔ کا	میرؔ کا	
5	کھیل کے پیچھے کون دیوانہ بنا رہتا تھا؟	سلیم	نصوح	بیدارا	منجھلا لڑکا	
6	علامہ محمد اقبالؒ کس سن میں پیدا ہوئے؟	1874ء	1875ء	1876ء	1877ء	
7	ماسٹر جی نے کس چیز کی فرمائش کی؟	کارن فلیک کی	لسی کی	چائے کی	کافی کی	
8	صبا کہاں سے آتی ہے؟	ریاض	مدینہ	جدہ	مکّہ	
9	مصرع مکمل کیجئے ''نہ ہوئی گر مرے پرچوں سے ۔۔۔۔۔ نہ سہی۔	تسلی	اطمینان	سکون	آرام	
10	میر تقی میرؔ نے عمر پائی۔	82 سال	83 سال	84 سال	85 سال	
11	''بندہ'' کی مونث ہے۔	باندے	باندیاں	بندی	بندے	
12	''مُلک'' کی جمع ہے۔	ممالک	املاک	مُلوک	ملائک	
13	خالی جگہ میں مناسب ''جمع'' لگائیں۔ ''اُلو کی ۔۔۔۔۔۔۔ قسمیں بتائی جاتی ہیں۔	تیں	بیں	چالیس	چند	
14	مندرجہ ذیل میں مترادف کی درست فہرست ہے۔	دانا، ظلمت	علامات، مسرت	فراخ، وسیع	رغبت، علامات	
15	''گرم'' کا متضاد ہے۔	ٹھنڈا	سرد	میٹھا	کڑوا	

اُردو لازمی (گروپ اوّل) (نیو سکیم/نیو کورس) (تعلیمی سیشن 14-2012)

013/1 سیکنڈری جماعت نہم (پارٹ - I) (حصہ انشائیہ)

وقت : 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

(حصہ اوّل)

2- مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ حصہ نظم سے کوئی سے تین اور غزل کے حصہ سے کوئی سے دو اشعار ہوں۔ (10)

حصہ نظم

(1) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حُرمت، یہی آبرو ہے
(2) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا
(3) ملت کے ساتھ رابطہ استوار رکھ — پیوستہ رہ شجر سے، اُمید بہار رکھ
(4) شاخِ نُدیدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — نا آشنا ہے قاعدہ روزگار سے

حصہ غزل

(5) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے
(6) ہم کو اُن سے، وفا کی ہے اُمید — جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے؟
(7) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(حصہ دوم)

3- مندرجہ ذیل اقتباسات کی تشریح کریں۔ تشریح سے پہلے حوالہ متن خط کشیدہ الفاظ کے معانی اور سبق کا سیاق و سباق بھی تحریر کریں۔ (10)

الف) اِس فیصلے نے الگو اور جمن کی دوستی کی جڑیں ہلا دیں۔ تناور درخت حق کا ایک جھونکا بھی نہ سہہ سکا۔ وہ اب بھی ملتے تھے۔ مگر وہ تیر و سپر کی طرح جمن کے دِل سے دوست کی غداری کا خیال دور نہ ہوتا تھا اور انتقام کی خواہش چین نہ لینے دیتی تھی۔ خوش قسمتی سے موقع بھی جلد مل گیا۔ الگو چودھری پچھلے سال میلے سے بیلوں کی ایک اچھی گوئیاں مال لائے تھے۔ پچھائیں نسل کے خوبصورت بیل تھے۔ مہینوں تک قرب و جوار سے لوگ انھیں دیکھنے آتے رہے۔

ب) عام طور پر بُلبل کو آہ و زاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کیلئے اُکسایا جاتا ہے۔ بُلبل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بُلبل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہوگا۔ بُلبل اور گلاب کے پھول کی افواہ کسی شاعر نے اڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بُلبل کو نالہ و شیون کرتے دیکھا تھا کم از کم اِس کا خیال تھا کہ وہ پرندہ بُلبل ہے اور وہ چیز نالہ و شیون۔ رات کو عینک کے بغیر کچھ کا کچھ دکھائی دیتا ہے۔ بُلبل پَروں سمیت محض چند انچ لمبی ہوتی ہے۔ یعنی اگر پروں کو نکال دیا جائے تو کچھ زیادہ بُلبل نہیں بچتی۔

4- مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی پانچ مختصر جواب تحریر کریں۔ (10)

i) حضرتِ امیرؔ سے کون سی شخصیت مراد ہے؟
ii) مرزا غالبؔ کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟
iii) کسی نہ کسی بات کی فکر و کوشش میں مصروف رہنا کیوں لازم ہے؟
iv) سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں؟
v) الگو چودھری کا فیصلہ سُن کر شیخ جمن کی ردِ عمل کیا تھا؟
vi) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اِس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟
vii) جمل نے اختر کو کون سی خوشخبری سنائی؟
viii) میرؔ نے ''نیم باز آنکھوں کی مستی'' کو کیا قرار دیا ہے؟

5- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (05)
کابلی یا آرام و سکون

6- نظم ''پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ'' کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (05)

7- اپنے ضلع کے فوڈ کنٹرولر کے نام راشن ڈپو والے کے خلاف درخواست لکھیئے۔ یا (10)
اپنے بڑے بھائی کو ایک خط لکھیئے۔ جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا ذکر ہو۔

8- ''جس کا کام اسی کو ساجھے'' کے عنوان سے ایک کہانی لکھیئے۔ یا (05)
دو ہم جماعتوں کے درمیان مکالمہ تحریر کریں۔

9- درج ذیل جملوں کی درستی کریں۔ (05)

i) دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔
ii) ہم نے حج کرنا ہے۔
iii) لہو لگا کر شہیدوں میں شامل ہونا۔
iv) بات کھٹائی میں گر گئی۔
v) ہاتھی کے دانت کھانے کے، پینے کے اور

یا

مندرجہ ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

i) آ بیل مجھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
ii) چور کی داڑھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
iii) صورت نہ شکل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
iv) ظلم کی ٹہنی کبھی پھلتی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
v) غریب کی جورو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

www.ilmkidunya.com